سینچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ

لیکسن اسکوائر بلڈنگ نمبر 2، سرور شہید روڈ، کراچی

نوٹس

<u>یہ نوٹس سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی اُن ہدایات کے بموجب شائع کیا گیا ہے جو کہ سنچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی جانب سے دائر کی گئی درخواست جو ایسے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈز کو روکنے کے سلسلے میں جاری کی گئی جنہوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) فراہم نہیں کیے ہیں۔</u>

سنچری انشورنس کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) نے ایک درخواست SECP کو کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے سیکشن 251(2) کے تحت اس اجازت کے لئے دائر کی ہے کہ 28 اپریل 2015ء کے اعلان کردہ واجب الاداڈیویڈنڈ، ان شیئر ہولڈرز کے جنہوں نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کمپنی کو فراہم نہیں کیے ہیں، روک لئے جائیں تا کہ کمپنی کمیشن کے SRO نمبر 831(1)2012 مورخہ 05 جولائی 2012ء ساتھ پڑھا جائے SRO نمبر 19(1)2014 مورخہ 10 جنوری 2014ء میں دی گئی ہدایات کی تعمیل کر سکے۔ ایسے شیئر ہولڈرز کی فہرست (جس میں نام، پتہ، فولیو نمبر اور واجب الادا رقم درج ہیں) ویب سائٹ www.cicl.com.pk پر موجود ہے۔ کمپنی نے ایسے شیئر ہولڈرز کو اپنے ریکارڈ میں موجود پتوں پر خطوط بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ بھی ارسال کئے ہیں۔

کمیشن کی ہدایت پر آپ کو ایک آخری موقع دیا جا رہا ہے کہ آپ اس نوٹس کے 14 دن کے اندر اپنی گزارشات مندرجہ زیل پتے پر کمیشن کو پیش کریں۔

کمشنر (انشورنس)

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

11th فلور، NIC بلڈنگ، 63۔ جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد۔

فون: 051-9222771؛ فیکس: 051-9100428

برائے مہربانی نوٹ فرمالیں کہ اگر آپ مذکورہ بالا مدت میں اپنی گذارشات خود یا اپنے مجاز نمائندے کے ذریعے کمشنر (انشورنس) کے سامنے پیش کرنے سے قاصر رہے تو کمیشن قانون کے مطابق ڈیویڈنڈ روکنے کا فیصلہ کرے گا۔

(منصور احمد)
کمپنی سیکریٹری

کراچی۔ 01 جون 2015ء

Century Insurance 17cm X 2 column

-05-2015